**14.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...........آسیہ میمونہ

**Music**

---

1 وزیراعظم نریندر مودی نے ہر طرح کے موسم کے لئے تیار اور آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق اسمارٹ ملک بنانے کیلئے ایک اہم اقدام مشن موسم کا آغاز کیا۔ وزیراعظم نے کہا یہ مشن ملک کو ایک پائیدار اور مستقبل کیلئے تیار بنانے کے بھارت کے عزم کا ایک دستاویز ہے۔

2 وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ مشکل وقت کے دوران بامعنی مدد فراہم کرکے بھارت کے قد میں اضافہ ہوا ہے۔

3 مکر سنکرانتی، پونگل، بیہو اور اُترّاین کے تہوار روایتی جوش و خروش کے ساتھ منائے جارہے ہیں۔ مہاکنبھ میں امرت اشنان کے دوران آج دوپہر تک ایک کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ افراد نے پوِتر ڈبکی لگائی۔

4 قطر کے دوحہ شہر میں فلسطین اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کیلئے بالواسطہ بات چیت میں پیش رفت ہوئی ہے۔

5 امریکہ میں لاس اینجلس میں جنگل کی آگ کے پیش نظر 92 ہزار سے زیادہ افراد کو جگہ خالی کرنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**DAY- PM- MAUSAM**

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج ملک کو ہر طرح کے موسم کے لئے تیار اور آب و ہوا سے متعلق اسمارٹ ملک بنانے کے لئے مشن موسم کا آغاز کیا۔ وزیراعظم نے نئی دلی کے بھارت منڈپم میں، بھارتی محکمۂ موسمیات IMD کے 150 ویں یوم تاسیس کی تقریبات کے دوران اس مشن کا آغاز کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ہر طرح کے موسم کے لئے تیار اور آب و ہوا سے متعلق اسمارٹ ملک بنانے کے لئے مشن موسم کا آغاز کیا گیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ یہ پیش رفت پائیدار مستقبل اور مستقبل کیلئے تیار رہنے سے متعلق بھارت کے عزم کی عکاس ہے۔
وزیراعظم نے یہ کہتے ہوئے IMD کے 150 سال طویل سفر کی تعریف کی کہ یہ صرف بھارتی محکمۂ موسمیات کا سفر نہیں ہے بلکہ یہ ملک میں جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کا پروقار سفر ہے۔ انھوں نے کہا کہ IMD نے ان 150 سال کے دوران کروڑوں بھارتیوں کی خدمت ہی نہیں کی ہے بلکہ وہ ملک کے سائنسی سفر کی ایک علامت بن گیا ہے۔

**(S/B- PM)**

وزیراعظم مودی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ سبھی کے لئے پیشگی وارننگ اقدام کے تحت 90 فیصد آبادی آتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اب کوئی بھی پچھلے اور آنے والے دس دن کے موسم کے بارے میں جانکاری حاصل کرسکتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ فوری طور پر اپڈیٹ سے سیکورٹی میں اضافہ ہوتا ہے اور زراعت اور سمندری معیشت جیسے شعبے مضبوط ہوتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ قدرتی آفات کے اثر کو کم کرنے کیلئے موسمیاتی سائنس زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

**(S/B- PM)**

وزیراعظم مودی نے اجاگر کیا کہ بھارت کے موسمیات محکمے میں ہوئی پیش رفت سے قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوا ہے، جس سے پوری دنیا کو فائدہ ہوا ہے۔ انھوں نے اس بات کا ذکر کیا کہ بھارت کا بادل پھٹنے سے متعلق جانکاری دینے والا سسٹم نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش اور سری لنکا کو اطلاعات فراہم کرتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت وِشو بندھو کے طور پر قدرتی آفات کے دوران دوسرے ملکوں کی مدد کرنے کے لئے ہمیشہ کھڑا ہے۔ انھوں نے اس بات کا اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت عالمی خدمات اور سیکورٹی میں ایک اہم رول ادا کرے گا۔

**(S/B- PM)**

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ارضی سائنس کے مرکزی وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے موسم کی پیش گوئی کرنے کی بھارت کی صلاحیتوں میں ہوئی اہم پیش رفت کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے دس سال میں پیش گوئی کے صحیح ہونے میں 50 فیصد بہتری آئی ہے۔

**(S/B Dr. Jitendra Singh)**

اس موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے IMD کے 150 سال کی یاد میں ایک یادگاری سکّہ جاری کیا۔ انھوں نے موسم اور آب و ہوا کی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لئے IMD کے دستاویز، ویژن 2047 کا بھی اجراء کیا۔ اس دستاویز میں موسمیاتی پیش گوئی، موسم اور آب و ہوا کی تبدیلیوں کے انتظام کے منصوبے شامل ہیں۔
ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مشن موسم کا مقصد موسم کی تبدیلیوں پر نگاہ رکھنے والی جدید ترین ٹیکنالوجیوں اور سسٹمز تیار کرنے کے اپنے ہدف کو حاصل کرنا ہے۔ اس کے ذریعے آب و ہوا کی تبدیلیوں پر نگاہ رکھنے والے ہائی ریزولیشن کے آلات، جدید ترین راڈار اور سیٹلائٹس اور تیزی سے کام کرنے والے کمپیوٹرز نصب کئے جائیں گے۔

یہ مشن موسم اور آب و ہوا کے طریقۂ کار کو بہتر طریقے سے سمجھنے اور ہوا کے معیار سے متعلق اعداد و شمار مہیا کرانے پر توجہ مرکوز کرے گا۔x

**Dr. Jaishankar-India Risng global stature**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے پوری دنیا میں بھارت کے بڑھتے قد اور مشکل وقت میں مختلف گروپوں میں بٹی ہوئی دنیا کو راستہ دکھانے کی اُس کی منفرد صلاحیت کو اجاگر کیا ہے۔ اسپین میں غیر مقیم بھارتیوں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے بھارت کے منفرد خیال 'سب کا ساتھ، سب کا وکاس اور سب کا وشواس' پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ آج بہت کم ایسے ملک ہیں، جو اس قابل ہیں کہ روس اور یوکرین یا اسرائیل اور ایران دونوں سے بات کرسکیں۔ وزیراعظم مودی، دونوں ملکوں سے بات کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اسی طرح بہت کم ایسے ملک ہیں جو QUAD اور BRICS دونوں گروپ کے ممبر ہیں۔ یہ ایک بہت ہی منفرد بات ہے۔ اگر آپ آج کے عالمی منظر نامے پر نظر ڈالیں تو یہ آپ کو کئی گروپوں میں بٹے ہوا دکھائی دے گا۔

ایسے وقت میں بھارت ایسا ملک ہے جو پوری دنیا کو سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس نظریہ پیش کرتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ بھارت اور اسپین کے تعلقات کے بارے میں پرامید ہیں۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات بہت اہم سطح پر پہنچنے والے ہیں۔x

**Festivals**

آج ملک میں فصل کی کٹائی کے موقع پر مکر سنکرانتی، پونگل، بیہو اور اُتّراین تہوار پورے جوش و خروش کے ساتھ منائے جارہے ہیں۔ ان تہواروں سے شکرگزاری کے جذبے اور یکجہتی کی عکاسی ہوتی ہے۔

مکرسنکرانتی کے تہوار کے موقع پر دریائے گنگا اور یمنا میں مقدس ڈبکی لگانے کیلئے لوگ یکجا ہوتے ہیں، وہیں تمل ناڈو میں پونگل تہوار پورے جوش وخروش سے منایا جارہا ہے۔ لوگ تہواروں کے موقع پر ایک دوسرے کو مٹھائیاں بانٹ رہے ہیں۔ آسام میں ماگھ بیہو یا بھوگالی بیہو تہوار روایتی جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ گجرات اور مغربی بھارت کے دیگر حصوں میں اُتّراین تہوار کے موقع پر آسمان رنگ برنگی پتنگوں سے بھر گیا ہے۔

حالانکہ یہ سبھی تہوار ملک کے الگ الگ حصوں میں الگ الگ انداز سے منائے جاتے ہیں لیکن یہ ہمارے ملک کی گوناگوں ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں اور فطرت کے تئیں ہمارے شکرگزاری کے جزبے کی علامت بھی ہیں۔ x

**DAY Maha Kunbh Makar Sankranti Snan**

پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میں مکرسکرانتی امرت اِسنان کے موقع پر تریوینی سنگم پر دوپہر 12 بجے تک ایک کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ افراد نے پوِتر ڈُبکی لگائی۔ سبھی مذہبی رسومات معمول کے مطابق جاری ہیں۔ امرت اِسنان میں لاکھوں عقیدتمند اور سادھو سَنت شرکت کررہے ہیں۔ پوِتر ڈبکی کے بعد عقیدتمندوں نے مذہبی رسومات انجام دیں اور گھاٹوں پر پوجا کی۔ اِس دوران عقیدتمندوں نے تہوار کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے، دان دینے کی سرگرمیاں بھی انجام دیں۔ آج صبح ہوئی گنگا آرتی میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ x

## Rajathan Makar Sankranti

راجستھان میں مکرسکرانتی کا تہوار روایتی جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ اِس موقع پر عقیدتمند پوِتر تالابوں اور آبی ذخائر میں ڈبکی لگا رہے ہیں اور صبح سے ہی دان دینے کا کام کررہے ہیں۔ عقیدتمندوں کی بڑی تعداد اجمیر کے پُشکر ، بیکانیر کے کولایَت، جے پور کے گالٹا اور Dungarpur کے Beneshwar دھام میں پوِتر ڈبکی لگا رہی ہے۔ مکر سکرانتی کے موقع پر بچوں اور نوجوانوں میں جوش و خروش دیکھا جارہا ہے، جو جے پور سمیت ریاست کے کئی ضلعوں میں پتنگ اڑانے کا لطف اٹھا رہے ہیں۔x

## Direct Tax Collection

ملک میں رواں مالی سال میں اب تک براہ راست ٹیکسوں کی کُل وصولیابی قریب 16 فیصد تک بڑھ کر تقریباً 16 لاکھ 90 ہزار کروڑ روپے ہوگئی ہے۔ براہ راست ٹیکسوں کے مرکزی بورڈ کے مطابق براہ راست ٹیکسوں کی مجموعی وصولیابی میں 20 فیصد کا قابل قدر اضافہ ہوا ہے، جس کی مالیت 20 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ گذشتہ مالی سال میں اسی مدت کے دوران 17 لاکھ کروڑ روپے کی وصولیابی کے مقابلے میں یہ ایک نمایاں اضافہ ہے۔ وہیں کارپوریٹ ٹیکس کی وصولیابی تقریباً 10 لاکھ کروڑ روپے ہے۔ x

## PEACE TALK ISRAEL- HAMAS

فلسطین اور اسرائیل کے حکام نے تصدیق کی ہے کہ ایک حتمی جنگ بندی معاہدے کے لئے قطر کے دوحہ شہر میں حماس اور اسرائیل کے درمیان بالواسطہ بات چیت میں پیش رفت ہوئی ہے۔ حماس نے دوحہ میں ثالثوں کے ذریعے پیش کئے گئے غزہ جنگ بندی معاہدے کے مسودے پر مثبت اشارے دیئے ہیں۔ اسرائیل کے وزیر خارجہ Gideon Saar نے تصدیق کی ہے کہ بات چیت میں پیش رفت ہوئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اسرائیل معاہدہ کرنے کی سمت میں کام کررہا ہے۔ پچھلے کچھ مہینوں میں مصر، قطر اور امریکہ، اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی معاہدہ کرانے میں ناکام

رہے ہیں۔ تاہم دوحہ میں تازہ پیش رفت سے دشمنی کو ختم کرنے کے اشارے ملتے ہیں۔x

**LOS ANGELIS FIRE**

مغربی امریکہ میں لاس اینجلس میں جنگلی آگ کی وجہ سے 92 ہزار سے زیادہ افراد کو فوری طور پر جگہ چھوڑنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ جبکہ دیگر 89 ہزار افراد کو گھر خالی کرنے کی وارننگ دی گئی ہے۔ پورے علاقے میں لگی آگ کی وجہ سے 25 افراد ہلاک اور ایک درجن سے زیادہ دیگر افراد لاپتہ ہوگئے ہیں۔ لاس اینجلس صوبے میں جنگل کی آگ میں شدید خشک سالی کی وجہ سے شدت آئی، جس میں 40 ہزار 500 ایکڑ سے زیادہ زمین اور 12 ہزار 300 سے زیادہ عمارتیں تباہ ہوگئیں۔

جنوبی کیلیفورنیا کے کچھ حصوں میں جنوبی کیلیفورنیا ایڈیسن نے بجلی سپلائی بند کرنا شروع کردیا ہے، جس کی وجہ سے 80 ہزار سے زیادہ صارفین بغیر بجلی کے رہ رہے ہیں۔ امریکہ کی نیشنل ویدر سروس نے ریڈ فلیگ وارننگ جاری کی ہے۔

کیلیفورنیا کے گورنر Gavin Newsom نے کہا ہے کہ اس آگ کے بارے میں کہا جارہا ہے کہ یہ امریکہ کی تاریخ میں بدترین قدرت آفت ہے اور مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہونے کا خدشہ ہے۔x

**PEACE TALK ISRAEL- HAMAS**

فلسطین اور اسرائیل کے حکام نے تصدیق کی ہے کہ ایک حتمی جنگ بندی معاہدے کے لئے قطر کے دوحہ شہر میں حماس اور اسرائیل کے درمیان بالواسطہ بات چیت میں پیش رفت ہوئی ہے۔ حماس نے دوحہ میں ثالثوں کے ذریعے پیش کئے گئے غزہ جنگ بندی معاہدے کے مسودے پر مثبت اشارے دیئے ہیں۔ اسرائیل کے وزیر خارجہ Gideon Saar نے تصدیق کی ہے کہ بات چیت میں پیش رفت ہوئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اسرائیل معاہدہ کرنے کی سمت میں کام کررہا ہے۔ پچھلے کچھ مہینوں میں مصر، قطر اور امریکہ، اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی معاہدہ کرانے میں ناکام رہے ہیں۔ تاہم دوحہ میں تازہ پیش رفت سے دشمنی کو ختم کرنے کے اشارے ملتے ہیں۔x

**IMD- WEATHER**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج ہماچل پردیش کے دور دراز کے مقامات میں شدید سردی اور پنجاب ، ہریانہ، چنڈی گڑھ ، ہماچل پردیش اور اترپردیش میں رات کے وقت شدید کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ راجستھان، بہار، اتراکھنڈ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال ، سکم اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی اگلے کچھ روز میں اسی طرح کا موسم رہے گا۔ جنوبی بھارت میں جمعرات تک دور دراز کے مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش کی پیش گوئی کی گئی

ہے۔ ماہی گیروں کو اس دوران سمندر سے دور رہنے کی صلاح دی جاتی ہے۔ x

**Kho Koho World Cup**

آج شام نئی دلی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں کھوکھو عالمی کپ 2025 کے خواتین کے افتتاحی میچ میں بھارتی ٹیم کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہوگا۔ Priyanka Ingle کی قیادت میں بھارتی ٹیم اپنی مہم کا آغاز جیت کے ساتھ کرنے کا ہدف رکھتی ہے۔ ادھر مردوں کی بھارتی ٹیم کا مقابلہ برازیل سے ہوگا۔ یہ میچ اسی اسٹیڈیم میں رات 8 بجکر 15 منٹ پر شروع ہوگا۔

بھارت نے کل رات اپنے گروپ A کے مقابلے میں نیپال پر 42-37 سے شاندار جیت حاصل کرلی۔ مردوں کی بھارتی ٹیم کو نیپال، بھوٹان، پیرو اور برازیل کے ساتھ گروپ اے میں رکھا گیا ہے۔ اسی طرح خواتین کی بھارتی ٹیم جس گروپ اے کا حصہ ہے، اس میں ملیشیا، ایران اور جنوبی کوریا شامل ہیں۔

گروپ میچوں کے بعد 17 جنوری کو کوارٹر فائنلز کھیلے جائیں گے۔ 18 جنوری کو سیمی فائنلز اور 19 جنوری کو فائنل کھیلا جائے گا۔x

**Australian Open**

آسٹریلین اوپن ٹینس میں، بھارت کے روہن بوپنا اپنے کولمبیائی ساتھی Nicolas Barrientos کے ساتھ آج مردوں کے ڈبلز کے خطاب کا دفاع کریں گے۔ میلبرن پارک میں اِس جوڑی کا مقابلہ اسپین کے Pedro Martinez اور Jaume Munar کی جوڑی سے ہوگا۔ بھارت کے ڈبلز کی مہم کل بھی جاری رہے گی، جہاں رِتھوِک چودھری بولی پلّی، این سری رام بالاجی اور یوکی بھامری اپنے اپنے میچز کھیلیں گے۔

سال کے پہلے گرینڈ سلیم ایڈیشن میں کسی بھی بھارتی خاتون کھلاڑی نے کوالیفائی نہیں کیا ہے۔ x

**Prez. Singapur- India**

سنگاپور کے صدر Tharman Shanmugaratnam آج سے بھارت کے پانچ روزہ دورے پر رہیں گے۔ وزراء، ممبران پارلیمنٹ اور عہدیداران سمیت ایک اعلیٰ سطحی وفد ان کے ہمراہ ہوگا۔ سنگاپور کے صدر کی حیثیت سے یہ ان کا بھارت کا پہلا دورہ ہوگا۔

اپنے دورے کے تحت صدر Tharman، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ساتھ بات چیت کریں گے، جو اُن کے اعزاز میں ایک ضیافت کی میزبانی بھی کریں گی۔

وزیراعظم نریندر مودی سنگاپور کے صدر سے ملاقات کریں گے۔ صدر Tharman، اِس ماہ کی 17 سے 18 تاریخ تک اوڈیشہ کا بھی دورہ کریں گے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆